زکوٰۃ کی رقم، جنازہ گاہ کی تعمیر میں خرچ کرنا

مجیب: ابو حفص مولانا محمد عرفان عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2751

تاریخ اجراء: 21 ذیقعدۃ الحرام 1445ھ / 30 مئی 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا زکوۃ کی رقم کو جنازہ گاہ کی تعمیر میں خرچ کر سکتے ہیں یا نہیں؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

زکوۃ کی ادائیگی کے لیے کسی مستحقِ زکوۃ کو، زکوۃ کی رقم کا مالک بنانا شرط ہوتا ہے، جبکہ جنازہ گاہ کی تعمیر میں زکوۃ کی رقم لگانے کی صورت میں یہ شرط نہیں پائی جاسکتی، لہذا زکوۃ کی رقم کو جنازہ گاہ کی تعمیر میں خرچ نہیں کر سکتے اور اِس سے زکوۃ بھی ادا نہیں ہوگی۔ اگر جنازہ گاہ کی تعمیر کرنی ہو تو زکوۃ کی رقم کے علاوہ، نفلی صدقات و عطیات سے تعمیر کر دی جائے، اس کیلئے زکوۃ کی رقم ہر گز استعمال نہ کی جائے۔

زکوۃ، تو یہ شرعاً مال کے ایک معین حصے کا شرعی فقیر کو مالک بنانا ہے، چنانچہ تنویر الابصار میں ہے: "ھی تملیک جزء مال عینہ الشارع من مسلم فقیر غیر ھاشمی ولا مولاہ مع قطع النفعۃ عن الملک من کل وجہ للہ تعالی (ملتقطاً)" ترجمہ: اللہ عزوجل کی رضا کے لئے شارع کی طرف سے مقرر کردہ مال کے ایک جزء کا مسلمان فقیر کو مالک کر دینا، جبکہ وہ فقیر نہ ہاشمی ہو اور نہ ہی ہاشمی کا آزاد کردہ غلام، اور اپنا نفع اس سے بالکل جدا کر لیا جائے۔

(تنویر الابصار مع درمختار، جلد 3، صفحہ 206، 203، مطبوعہ کوئٹہ)

سیدی اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن فتاویٰ رضویہ میں فرماتے ہیں: "زکوۃ کا رکن تملیکِ فقیر (یعنی فقیر کو مالک بنانا) ہے۔ جس کام میں فقیر کی تملیک نہ ہو، کیسا ہی کارِ حَسن ہو جیسے تعمیرِ مسجد یا تکفینِ میت یا تنخواہِ مدرسانِ علمِ دین، اس سے زکوۃ نہیں ادا ہو سکتی۔" (فتاویٰ رضویہ، جلد 10، صفحہ 269، رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

صدر الشریعہ مفتی امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ بہار شریعت میں فرماتے ہیں: "زکوۃ ادا کرنے میں یہ ضروری ہے کہ جسے دیں مالک بنا دیں، اباحت کافی نہیں، لہذا مال زکوۃ مسجد میں صرف کرنا یا اس سے میت کو کفن دینا یا میت کا دین

ادا کرنا، پل، سرا، سقایہ، سڑک بنوا دینا، نہریا کوآں کھودوا دینا، ان افعال میں خرچ کرنا یا کتاب وغیرہ کوئی چیز خرید کر وقف کر دینا، ناکافی ہے"۔(بہارشریعت، جلد1، حصہ5، صفحہ927، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net